# 11-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱)وقار آباد کے کلکٹر پرتیک جین اور کوڑنگل ایریا ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے اسپیشل آفیسر وینکٹ ریڈی پر آج وقار آباد ضلع کے دودیالا منڈل کے لاگی چرلہ گاؤں میں کسانوں نے حملہ کردیا۔

(۲)چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ اقلیتوں نے کانگریس پارٹی کو برسر اقتدار لانے اہم رول ادا کیا۔

(۳)ریاست میں کپاس کی خریدی آج دوبارہ شروع ہوگئی جبکہ وزیر زراعت نے کارٹن کارپوریشن آف انڈیا کے ساتھ بات چیت کی۔

اور

(۴)جسٹس سنجیو کھنہ نے آج 51ویں چیف جسٹس آف انڈیا کی حیثیت سے حلف لے لیا۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جسٹس کھنہ کو راشٹر پتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں عہدہ کا حلف دلایا۔

☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے بھارت راشٹرا سمیتی کی سابقہ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس کے 10 سالہ دورِ اقتدار میں بیروزگاروں کی امنگیں پوری نہیں ہوئیں۔نومقرر کردہ اسسٹنٹ موٹر وہیکل انسپکٹرس کو تقرر نامے پیش کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت ملازمتوں کی فراہمی کے اپنے عہد کی پابند ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ کانگریس پارٹی کے برسر اقتدار آنے کے بعد صرف 10 مہینوں میں 50 ہزار سرکاری ملازمتیں فراہم کی گئیں۔انہوں نے اسسٹنٹ موٹر وہیکل انسپکٹرس سے کہا کہ وہ اپنے اپنے طبقات کے نوجوانوں کو تعلیم اور مسابقتی امتحانات کے لئے تیاری کی طرف راغب کریں۔انہوں نے نومقرر کردہ ملازمین سے کہا کہ وہ طلبہ اور بیروزگاروں سے بات چیت کریں اور انہیں بتائیں کہ حکومت ملازمتوں کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں۔آلودگی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے اس کی روک تھام میں محکمہ ٹرانسپورٹ کے رول پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت الیکٹرک وہیکل پالیسی بنائے گی۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کے دورِ حکومت میں بیروزگاروں کو ملازمتیں حاصل ہورہی ہیں۔کسانوں کے قرضے معاف ہورہے ہیں اور مختلف فلاحی اسکیمیں روبہ عمل لائی جارہی ہیں۔

☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ اقلیتوں نے کانگریس پارٹی کو برسر اقتدار لانے اہم رول ادا کیا۔رویندر بھارتی میں مولانا ابوالکلام آزاد کے یوم پیدائش کے موقع پر یوم قومی تعلیم اور یوم اقلیتی بہبود کی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہندو اور مسلمان ان کی حکومت کی دو آنکھیں ہیں۔انہوں نے تمام فرقوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم،صحت اور روزگار کے شعبوں میں تلنگانہ کو مزید ترقی دینے کے لئے ان کی حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں دو بڑے سیاسی گروہ ہیں۔انہوں نے ایک گروہ کو مودی پریوار قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ گروہ عوام میں نفرت پھیلانے کا کام کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ دوسرا پریوار گاندھی پریوار ہے جو قومی اتحاد کے لئے کام کرتا ہے۔انہوں نے ملک کی تعلیمی پالیسی میں مولانا ابوالکلام آزاد کی خدمات کا تذکرہ کیا۔چیف منسٹر نے کہا کہ کانگریس پارٹی اقلیتوں کو محض ووٹرس کی حیثیت سے نہیں دیکھتی بلکہ انہیں ارکانِ خاندان سمجھتی ہے۔اس موقع پر چیف منسٹر مولانا ابوالکلام آزاد ایوارڈس پیش کئے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آزاد ہندوستان کے پہلے وزیرتعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کو آج ان کے یوم پیدائش کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ مولانا آزاد کو علم کی شمع کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے۔انہوں نے ملک کی آزادی کی تحریک میں بھی مولانا صاحب کی خدمات کا ذکر کیا۔

☆☆☆

گننگ ملز کی ہڑتال اور کسانوں کے سڑکوں پر آنے کے بعد کاٹن کارپوریشن آف انڈیا نے کپاس کی خریدی کے لئے نئے قواعد وضوابط میں نرمی لانے سے اتفاق کرلیا ہے۔گننگ ملرز کی ہڑتال کی وجہ سے کپاس کی خریدی روک گئی تھی۔اب کپاس کی خریدی فوری بحال ہوجائے گی۔ ریاستی حکومت نے سی سی آئی کے منیجنگ ڈائرکٹر للت کمار گپتا اور تلنگانہ کاٹن اسوسی ایشن اور تلنگانہ گننگ ملز اسوسی ایشن کے نمائندوں کے درمیان ایک اجلاس مقرر کیا۔انہوں نے متنازعہ امور پر تبادلہ خیال کیا اور سی سی آئی کے عہدیداروں کے تیقن کے بعد گننگ ملز کے مالکین اور تاجروں نے کپاس کی خریدی دوبارہ شروع کرنے سے اتفاق کیا۔کپاس کی خریدی کا حال ہی میں آغاز ہوا تھا۔کسان یہ شکایت کررہے تھے کہ انہیں کپاس کے لئے فی کنٹل ایک ہزار تا ڈیڑھ ہزار روپے کم ادا کئے جارہے ہیں۔کپاس کی فی کنٹل اقل ترین امدادی قیمت 7 ہزار 521 روپے ہے لیکن کسانوں کی شکایت ہے کہ انہیں یہ رقم نہیں مل رہی ہے۔گننگ ملز کے مالکین نے سی سی آئی کو ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا کہ اس کے عہدیداروں نے کپاس کے ایک bale کے لئے ایک ہزار 345 روپے ادا کرنے سے اتفاق کیا ہے جبکہ انہیں ایک ہزار 495 روپے ادا کرنے چاہئے۔اس سے قبل وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے سی سی آئی کے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تلنگانہ کے کپاس کے کسانوں کو گننگ ملرز کی جاریہ ہڑتال کی وجہ سے کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیر زراعت نے سی سی آئی کے چیرمین اور منیجنگ ڈائرکٹر اور ریاست کے چیف سکریٹری سے بات کی اور ان پر زور دیا کہ وہ ضروری اقدامات کریں۔

☆☆☆

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے عوام، کانگریس کے کارکنوں اور قائدین سے اپیل کی ہے کہ وہ ریاست میں جاری ذات پات کی مردم شماری کی سرگرمی سے تائید کریں۔انہوں نے کمزور طبقات کے لئے سماجی انصاف کو فروغ دینے میں ذات پات پر مبنی مردم شماری کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کے لیڈر راہول گاندھی نے انتخابی مہم کے دوران وعدہ کیا تھا کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کرائی جائے گی تاکہ مختلف ذاتوں کو ان کی آبادی کی بنیاد پر ریزرویشن کے ذریعہ منصفانہ نمائندگی حاصل ہو۔

☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست بھر میں دھان کی خریدی کے دوران کسانوں کے لئے مسائل پیدا کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کریں۔انہوں نے کہا کہ عہدیداروں کو ضرورت پڑنے پر کسانوں کو دھوکہ دینے اور انہیں پریشان کرنے والے تاجروں کے خلاف ضروری خدمات کی برقراری سے متعلق قانون کا استعمال کرنا چاہئے۔چیف منسٹر نے ریاست کے مختلف علاقوں میں کسانوں کو پیش آرہی دشواریوں کے بارے میں اطلاعات ملنے کے بعد متعلقہ عہدیداروں سے بات کی اور ان سے کہا کہ وہ کسانوں کے تحفظ کو ترجیح دیں۔

☆☆☆

جسٹس سنجیو کھنہ نے آج 51 ویں چیف جسٹس آف انڈیا کی حیثیت سے حلف لے لیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جسٹس کھنہ کو راشٹر پتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں عہدہ کا حلف دلایا۔ جسٹس سنجیو کھنہ، جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کے جانشین ہیں جو کل اپنے عہدہ سے سبکدوش ہو گئے۔ اس تقریب میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر، وزیر اعظم نریندر مودی، کئی مرکزی وزرا اور سپریم کورٹ کے ججوں نے شرکت کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جسٹس سنجیو کھنہ کو چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف لینے پر اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ انہوں نے جسٹس سنجیو کھنا کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی اور ان کی میعاد کے لئے ان کی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر مواصلات جوتر آدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں الکٹرانک مصنوعات کی تیاری کے شعبہ کو فروغ دینے کی پابند ہے۔ انہوں نے آج دہلی میں ساؤتھ ایشین ٹیلی کمیونی کیشن ریگولیٹر کونسل کے 25 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک میں موبائل فون کی 99.3 فیصد ضروریات اندرون ملک مینوفیکچرنگ کے ذریعہ پوری کی جارہی ہیں۔ ریگولیٹر کونسل کے بارے میں سندھیا نے کہا کہ یہ اجلاس جنوبی ایشیاء کے ممالک میں ریگولیٹرس کو مل جل کر بیٹھنے اور مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ آکاش وانی سے بات چیت کرتے ہوئے ایشیاء پیسفک ٹیلی کمیونٹی کے سکریٹری جنرل ماسانوری کونڈو نے بتایا کہ اس تین روزہ اجلاس کا اہم ایجنڈہ جنوبی ایشیاء کے ممالک کے درمیان تجربات اور پالیسی امور پر تبادلہ خیال ہے۔ ٹیلی کام ریگولیٹری اتھاریٹی آف انڈیا کے چیرمین انیل کمار لاہوٹی نے بتایا کہ اس اجلاس میں ڈیجیٹل تفریق کو مٹانے کے اہم موضوع پر غور کیا جائے گا۔

☆☆☆

پنچایت راج اور خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر داناسری اناسویہ سیتا اکا نے ایک ویڈیو پیام میں کانگریس حکومت کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے پر بھارت راشٹر اسمیتی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے بی آر ایس پر الزام لگایا کہ اس نے بی جے پی کے ساتھ سازباز کر لی ہے۔ سیتا اکا نے کہا کہ بی آر ایس مہاراشٹرا میں بی جے پی کی بی ٹیم کی حیثیت سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کسانوں کی بہبود کے لئے کانگریس کے اقدامات خصوصاً مہالکشمی اسکیم کے خلاف بی آر ایس کی مہم کی مذمت کی۔

☆☆☆

وقار آباد کے کلکٹر پرتیک جین اور کوڑنگل ایریا ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے اسپیشل آفیسر وینکٹ ریڈی پر آج وقار آباد ضلع کے دودیالا منڈل کے لاگی چرلہ گاؤں میں کسانوں نے حملہ کر دیا۔ یہ کسان فارما ولیج کے لئے زمینات حاصل کرنے کے حکومت کے اقدامات کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔ یہ واقعہ چیف منسٹر کے اسمبلی حلقہ کوڑنگل میں پیش آیا۔ صورتحال اس وقت بے قابو ہوگئی جب ضلع انتظامیہ نے گاؤں میں عوامی سماعت کا پروگرام منعقد کیا۔ اس پروگرام میں پڑوسی دیہاتیوں کے کسانوں اور دیہاتیوں نے شرکت نہیں کی۔ کسانوں کو منانے کے لئے کلکٹر دیگر عہدیداروں کے ساتھ لاگی چرلہ گاؤں پہنچے جیسے ہی عہدیدار گاؤں میں داخل ہوئے مقامی عوام نے ان کے خلاف نعرے لگائے۔ جب کلکٹر اور عہدیداروں نے احتجاجیوں سے بات کرنے کی کوشش کی تو انہوں نے ان کو دھکہ دے کر ان پر حملہ کیا۔ کلکٹر اور دیگر عہدیدار اپنی گاڑیوں میں سوار ہو گئے لیکن برہم دیہاتیوں نے ان کا تعاقب کیا اور ان پر پتھر پھینکیں۔ وینکٹ ریڈی کو بری طرح پیٹا گیا۔ اس گڑبڑ میں تین موٹر گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔